بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ نزل احسن الحدیث

بیاد

حضرت مولانا سید محمد داود غزنوی رحمہ اللہ

حضرت مولانا محمد اسماعیل سلفی رحمہ اللہ

ہفت روزہ

اہلِ حدیث

لاہور

مرکزی جمعیۃ اہلحدیث پاکستان کا ترجمان

مسلک اہلحدیث کا داعی

جلد: 47 | یکم تا ۷ ربیع الثانی ۱۴۳۸ھ 30 دسمبر تا 5 جنوری 2017ء | شمارہ: 50

دولت مندی

کثرتِ مال کی ہوس کے نقصانات پر ایک نظر!

شام

حلب میں مسلمانوں کا قتل عام جاری

اور مسلم حکمرانوں کی خاموشی

امیر محترم پروفیسر سینیٹر ساجد میر حفظہ اللہ

اصحاب الاخدود کی ایمان افروز داستان

کرسمس کی حقیقت

تاریخ کے آئینہ میں

اہل قبلہ کون ہیں.....؟!

اماں حلیمہ سعدیہ کا اسلام!

میت کو ایک ملک سے دوسرے ملک لانا!

درس قرآن

جناب پروفیسر احمد حماد حفظہ اللہ

انفاق فی سبیل اللہ کے مستحق کون؟!

ارشاد باری تعالیٰ: ﴿لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ ..... وَ اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝﴾

''اے نبی (ﷺ) لوگوں کو ہدایت بخش دینے کی ذمہ داری تم پر نہیں ہے، ہدایت تو اللہ ہی جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔ اور راہ خیر میں جو مال تم لوگ خرچ کرتے ہو وہ تمہارے اپنے لیے ہی بھلائی کا سامان ہے۔ تمہیں صرف اللہ کی خوشنودی کے لیے خرچ کرنا چاہیے۔ جو کچھ مال تم راہ خیر میں خرچ کرو گے، اس کا پورا پورا اجر تمہیں دیا جائے گا اور تمہاری حق تلفی ہرگز نہ ہوگی۔''

اسلام کے اعلیٰ و ارفع معیار اور اقدار سے آگاہی کا ایک مظہر اس آیت مبارکہ میں ہے۔ اسلام جہاں مسلمانوں کی سوچ اور فکر کی بلندی، ان کے قلوب و اذہان کی پاکیزگی چاہتا ہے اور جہاں اس کے لیے ان کی تربیت کرتا ہے، وہیں غیر مسلموں کے ساتھ خیر اور بھلائی کرنے کی تلقین کرتے ہوئے انہیں اپنے قریب کرنے کے لیے بھی جا بجا رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام صرف مذہبی آزادی کا اصول بیان نہیں کرتا، وہ دین کے معاملے میں جبر و اکراہ کی ممانعت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ وہ اس سے بہت آگے جاتا ہے۔ یہ اللہ رب العالمین کی ہدایت سے ماخوذ انسانیت سے فیاضی اور حسن سلوک کا اصول ہے۔ وہ تلقین کرتا ہے کہ سب ضرورت مند امداد اور حسن سلوک کے مستحق ہیں بشرطیکہ وہ مسلم جماعت سے برسر پیکار نہ ہوں۔ انفاق کرتے وقت ضرورت مندوں کے عقیدہ و مسلک کو نہ دیکھا جائے گا۔ اسلام واضح کرتا ہے کہ انفاق کرنے والے کا اجر ہر حال میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے یہاں محفوظ ہے، بس شرط یہ ہے کہ انفاق صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہو، یہ بہت بڑا اقدام ہے جو انسانیت کی فلاح کے لیے اسلام نے کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اقدام صرف اسلام نے کیا ہے اور اس کی معنویت اور حقیقت سے اہل اسلام کے سوا کوئی دوسرا آشنا نہیں۔

اسی طرح اس آیت میں اس سنت کی طرف بھی اشارہ ہے جو ہدایت و ضلالت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مقرر کر رکھی ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں بار بار آیا ہے۔ یعنی نبی کریم ﷺ کی ذمہ داری، ہدایت کے سلسلہ میں صرف یہ ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی ہدایات و تعلیمات سے اچھی طرح آگاہ کر دے۔ اگر یہ کام اس نے کر دیا تو اس کی ذمہ داری پوری ہوگئی اور اس نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ یہ ذمہ داری اس پر نہیں ہے کہ لوگ اس کی تعلیمات و ہدایات کو قبول بھی کر لیں۔ ان کو قبول کرنے کی توفیق دینا اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا کام ہے... یہاں اس سنت کی طرف اشارہ کرنے سے مقصود یہ ہے کہ انفاق کے بارے میں جو باتیں آپ ﷺ نے بتائی تھیں وہ اللہ کی طرف سے تفصیل کے ساتھ بتا دیں۔ حضور اکرم ﷺ کی طرف سے فرض ادا ہو گیا، اب یہ لوگوں کا کام ہے کہ ان کو قبول کریں یا رد کریں۔ اور مسلمانوں کو بھی خطاب کر کے یہ بات سمجھائی گئی ہے کہ تم جو کچھ بھی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا فائدہ کسی دوسرے کو نہیں بلکہ خود تمہیں ہی ملے گا۔ بس شرط یہ ہے کہ تمہارا یہ خرچ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خوشنودی کے سوا کسی اور مقصد سے لیے نہ ہو۔

درس حدیث

جناب پروفیسر عبدالرحمن لدھیانوی حفظہ اللہ

جمعہ کے احکام

فرمان نبوی ﷺ ہے: [عَنْ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: "حَقٌّ عَلَى الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَغْتَسِلُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلْيَمَسَّ أَحَدُهُمْ مِنْ طِيبِ أَهْلِهِ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَالْمَاءُ لَهُ طِيبٌ".] (ترمذي)

سیدنا براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ جمعہ کے دن غسل کریں اور گھر سے خوشبو لگائیں، اگر خوشبو میسر نہ ہو تو پانی ہی اس کے لیے خوشبو ہے۔'' (ترمذی)

اسلام پاکیزگی اور صفائی کا دین ہے اور اپنے ماننے والوں کو پاکیزہ اور صاف ستھرا رہنے کی تعلیم دیتا ہے۔ پانی کی کمی اور وسائل کی عدم دستیابی کے باوجود جمعہ کے دن ہر مسلمان کو غسل کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ میل کچیل اور بدبو سے انسان پاک ہو کر مسجد میں جائے تاکہ دیگر نمازیوں کو پریشانی نہ ہو۔ صحرائے عرب میں پانی کی شدید قلت تھی، لوگ کئی کئی دن تک غسل نہیں کرتے تھے جس سے جسم اور کپڑوں سے بو آنے لگتی۔ اس بنا پر آپ ﷺ نے ہر جمعہ کے دن غسل کرنا واجب قرار دیا اور خوشبو استعمال کرنے کی تلقین فرمائی۔ مزید فرمایا کہ اگر کسی کو خوشبو میسر نہ ہو تو پانی ہی اس کے لیے خوشبو کا کام دے گا۔ یعنی پانی سے جسم اور کپڑوں کی میل دور ہو جاتی ہے اور بدبو بھی ختم ہو جاتی ہے۔

غسل کے بعد عمدہ لباس زیب تن کر کے جتنی جلدی ممکن ہو مسجد کی طرف نماز جمعہ کی ادائیگی کے لیے جانا پسندیدہ عمل ہے۔ مسجد میں جا کر تحیۃ المسجد ادا کی جائے اگر مزید وقت ہو تو نوافل ادا کیے جائیں۔ نفل دو دو رکعت ہی ادا کرنے چاہئیں۔ خطبہ شروع ہونے تک بقیہ وقت نبی کریم ﷺ پر درود ابراہیمی پڑھتے رہیں اور جب امام منبر پر آ کر خطبہ شروع کرے تو پوری توجہ سے خطبہ سنا جائے۔ خطبہ کے دوران گفتگو سے اجتناب کیا جائے حتی کہ کسی بولنے والے کو خاموش رہنے کی تلقین بھی نہ کی جائے۔ امام کے جس قدر قریب ہو سکے ہونا چاہیے لیکن نمازیوں کی گردیں پھلانگ کر آگے جانے کی کوشش نہ کی جائے جہاں جگہ مل جائے وہیں بیٹھ جائے۔

خطبہ کے دوران آنے والا دو رکعت پڑھ کر بیٹھے۔ اگر کوئی شخص بیماری، سفر یا کسی معقول عذر کی بنا پر جمعہ ادا نہ کر سکے تو وہ ظہر کی نماز پڑھ لے اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا لیکن اگر غفلت کی وجہ سے جمعہ چھوڑتا ہے تو گنہگار ہوگا اور دل پر سیاہ نقطہ لگ جائے گا اور مسلسل جمعہ چھوڑنے کے نتیجے میں دل بالکل سیاہ ہو جائے گا۔ ہر مسلمان کو جمعہ کے آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔

میں اگر سوختہ ساماں ہوں.....؟!

تاریخ شاہد ہے کہ ۱۹۰۶ء میں ڈھاکہ میں مسلم لیگ کی بنیاد پڑی جو پاکستان کی بانی جماعت ہے۔ تحریک پاکستان میں خیبر سے لے کر چاٹگام تک قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلمان اپنی آزادی کے لیے متحد اور ایک آواز تھے۔ بڑی قربانیوں کے بعد پاکستان کا نقشہ عالم پر ظہور ہوا۔ ابتدا میں بڑی مشکلات پیش آئیں مگر کارواں چلتا رہا۔ بنگالی بھائی نہ فوج میں تھے نہ سول سروس میں زیادہ تھے۔ ان کے پاس سیاسی قوت تھی مگر بیوروکریسی انہیں چلنے نہ دیتی تھی' یہی وجہ ہے کہ خواجہ ناظم الدین کی وزارت برطرف ہوئی۔ پھر قیام پاکستان کے ساتھ ہی ہمارے ازلی دشمن بھارت نے مشرقی پاکستان میں خلاف پاکستان اپنی سازشیں شروع کر دی تھیں۔ بیس فیصد ہندو وہاں آباد تھے۔ شعبہ تعلیم میں بہت سے ہندو ٹیچر تعینات تھے جو طلبہ کی پاکستان کے خلاف ذہن سازی کرتے تھے۔ بیوروکریسی میں بھی ہندو موجود تھے۔ جو سازشوں میں معاون اور علیحدگی کے لیے مواد مہیا کرتے تھے۔ اس کے باوجود مولانا تمیز الدین' خواجہ ناظم الدین' حسین شہید سہروردی' نور الامین' مولوی فرید احمد' مولانا راغب احسن' مولانا اکرم خان اور چوہدری فضل الرحمٰن ایسے لیڈر وہاں موجود تھے جو دونوں حصوں میں خلیج کی راہ میں حائل تھے۔ مگر ایوب خاں اور یحییٰ خاں کی مارشل لاء نے دونوں حصوں میں دوریاں پیدا کر دیں اور مجیب الرحمٰن نے کھل کر انٹی پاکستان تحریک شروع کر دی۔ آخر سقوط ڈھاکہ کا سانحہ رونما ہوا جو سقوط غرناطہ وبغداد کے بعد تاریخ کا بہت بڑا سانحہ ہے۔ اس سانحہ میں سابق مشرقی پاکستان کا ہر شہر اور ہر قریہ پاکستان سے محبت کرنے والوں کے خون سے رنگین ہو چکا تھا۔ ہمارے بہاری بھائی آج بھی اتحاد پاکستان کی پاداش میں کیمپوں میں کسمپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ہندو نواز وزیر اعظم حسینہ واجد آج بھی کئی مسلمان رہنماؤں کو جو پاکستان سے محبت کے مجرم تھے انہیں پھانسی دی جا رہی ہے۔

تاریخ بتلاتی ہے کہ اندرا گاندھی' مجیب الرحمٰن' یحییٰ خاں اور مسٹر بھٹو سانحہ مشرقی پاکستان کے یہ چار بڑے کردار ہیں۔ یوں بھی کہا جاتا ہے کہ اس سانحہ میں اپنوں کی غداری' نا اہلی اور دشمنوں کی دشمنی کا بڑا حصہ ہے۔ یہ بات درست ہے کہ ؎

وقت کرتا ہے پرورش برسوں حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

اس سانحہ کی تحقیقات کے لیے حمود الرحمٰن کمیشن بنا۔ اس نے جن سول اور فوجی حکمرانوں کو ذمہ دار ٹھہرایا انہیں قانون کے حوالے نہیں کیا گیا۔

جب بھی ۱۶ دسمبر کا دن آتا ہے تو سقوط ڈھاکہ کے حوالے سے بہت سی المناک یادیں تازہ ہو جاتی ہیں۔ پوری قوم انہی خیالات میں افسردہ تھی کہ اسی روز ۲۰۱۴ء کو پشاور کے آرمی پبلک سکول میں سات موت کے سوداگروں نے سکول میں داخل ہو کر اندھا دھند فائرنگ کر کے ۱۳۶ معصوم طلبہ وطالبات کو شہید کر دیا۔ سکول کا سٹاف بھی نہ بچ سکا۔ ان معصوم بچوں کا قتل عام ایک قیامت صغریٰ کا سماں تھا۔ مائیں اپنے جگر گوشوں کو تلاش کرنے میں دیوانہ وار پھر رہی تھیں۔ یہ اندوہناک اور دلخراش سانحہ کے کردار اور معاون قانونی گرفت کے حقدار ہیں۔

یہ کس قدر ظلم کی بات ہے کہ ۹/۱۱ کے بعد دہشت گردی کی وارداتیں پاکستان کے کھاتے میں ڈالتے

مدیر اعلیٰ
بشیر انصاری
ایم اے

مجلس ادارت
☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر عبدالغفور راشد
☆ جناب پروفیسر عبدالرحمن لدھیانوی

اس شمارہ میں

درس قرآن وحدیث	1
اداریہ	2
احکام ومسائل	4
سیرت نبوی اور واضح کامیابی.....(خطبہ حرم)	6
کرسمس کی حقیقت تاریخ کے آئینہ میں	10
ایمان نہیں تو کچھ بھی نہیں	14
دولت مندی کے نقصانات پر ایک نظر	17
محافظ عربی کی رخصتی	19
یاد رفتگان .....(مولانا محمد امجد اجمل)	20
علامہ عبدالعزیز کی مولانا یوسف راجوال سے ملاقات	21
اشاریہ.....ہفت روزہ اہل حدیث 2016ء	22
اخبار الجماعہ	28

ادارہ سے جملہ خط کتابت ایڈیٹر کے نام اور ترسیل زر منیجر کے نام کی جائے

پتہ ہفت روزہ "اہل حدیث" چوک اہل حدیث (المعروف بتی چوک) 106 راوی روڈ لاہور۔ 54000
فون: 042-37720257 فیکس: 042-37725525
E-mail: weeklyahlehadith@yahoo.com

سالانہ زر تعاون بھیجنے کے لیے
میزان بینک برانچ کوڈ: 0211 اکاؤنٹ نمبر: 0100270239

بدل اشتراک
سالانہ ..... 600/- روپے
ششماہی ..... 350/- روپے
بذریعہ وی پی ..... 650/- روپے
بیرونی ممالک سے ..... 6000/- روپے
فی پرچہ ..... 20/- روپے

سینئر پروفیسر ساجد میر نے مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے لئے "دلستر پرنٹ ان" شاہ خالد ٹاؤن جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور سے چھپوا کر 106 راوی روڈ لاہور سے جاری کیا۔

ہیں جب کہ امریکہ، بھارت اور افغانستان اس میں خود شامل ہیں۔ پاکستان کے ہزاروں افراد دہشت گردی کی نذر ہو چکے ہیں۔ کلبھوشن یادیو اور اسلام آباد میں بھارتی سفارتکار دہشت گردی اور جاسوسی میں ملوث پائے گئے ہیں۔ بھارت کا وزیر اعظم مودی اعتراف کر چکا ہے کہ بنگلہ دیش کے قیام میں ہمارا خون بھی شامل ہے۔ بھارتی وزیر داخلہ راجناتھ نے یہ بڑ ماردی ہے کہ پاکستان ''راہِ راست'' پر نہ آیا تو ہم اسے دس پندرہ ٹکڑوں میں تقسیم کر دیں گے۔ اس سے پہلے مودی، بلوچستان اور شمالی علاقوں کو پاکستان سے الگ کرنے کی سازش کا اظہار کر چکا ہے۔ امرتسر میں حالیہ ہارٹ آف ایشیا کانفرنس میں بھارت نے کھل کر پاکستان پر دہشت گردی کے الزامات لگائے مگر پاکستان کے مشیر خارجہ کو پریس کانفرنس کرنے کی بھی اجازت نہ دی۔ ایسے حالات میں بھی ہم بھارت سے تجارت کر رہے ہیں۔

حلب کی ہر گلی میں لاشوں کے ڈھیر ہیں، دنیا محو تماشا بنی ہوئی ہے۔ پروفیسر ساجد میر

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے امیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ حلب کی ہر گلی میں لاشوں کے ڈھیر ہیں اور دنیا محو تماشہ بنی ہوئی ہے۔ حلب کے مسلمانوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ اس امر کا اظہار انہوں نے جامعہ ابراہیمیہ میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ داعش کے خاتمے کے نام پر بستیوں کی بستیاں جلادینا کہاں کی انسانیت ہے۔ حلب میں بہت بڑے انسانی المیہ نے جنم لیا ہے۔ شام نے روس اور ایران کی مدد سے مظالم ڈھائے انہیں اسکے نتائج بھگتنا پڑیں گے۔ مسلم دنیا میں فساد کا نیا دروازہ کھول دیا گیا ہے۔ اکیسویں صدی کے نام نہاد، نام نہاد امن پرست، انسانیت کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔ اقوام متحدہ شیاطین کی انجمن بن چکی ہے۔ اسکا کردار نہایت افسوس ناک ہے۔ دوسروں کا گھر جلانے والوں کا اپنا گھر بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ پاکستان کے دفتر خارجہ کو حلب کے مسئلہ پر آواز اٹھانی چاہیے اور اپنا احتجاج ریکارڈ کرانا چاہیے۔ ایران کا شام کے مسئلہ پر کردار کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ امت مسلمہ میں نفاق ڈالنے والے دشمن کے ایجنڈے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ دریں اثناء مرکزی دفتر راوی روڈ پر مرکزی جمعیت اہل حدیث کے کارکنان نے حلب میں شام، ایران اور روس کے مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جس کی قیادت حافظ بابر فاروق رحیمی نے کی۔ مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے جس پر حلب کے مظلوموں کی حمایت اور شامی افواج کے خلاف نعرے درج تھے۔ حافظ بابر فاروق رحیمی نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ اس مسئلہ پر آواز اٹھائے اور مظالم کی مذمت کرے۔

ملی اور دینی اقدار کا حامل نصاب تعلیم ہی قوم کی تقدیر بدل سکتا ہے۔ امیر محترم

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ ملی اور دینی اقدار کا محافظ نصاب تعلیم ہی قوم کی تقدیر بل سکتا ہے۔ یکساں نصاب تعلیم کے نفاذ سے طبقاتی تقسیم ختم ہوگی۔ اقوام عالم کا مقابلہ کرنے کے لیے سائنس وٹیکنالوجی کی تعلیم ناگزیر ہے۔ سکول اور کالجز میں قران مجید کی تعلیم اور ترجمہ شامل نصاب کرنا موجودہ حکومت کا عظیم کارنامہ ہے۔ معاشرے کی اصلاح میں استاد کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت اساتذہ پاکستان کے عہدیداروں کی تقریب حلف وفاداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نئے عہدیداروں میں صدر حافظ عتیق اللہ عمر، جنرل سیکرٹری پروفیسر عطاء الرحمٰن ظہیر ودیگر شامل ہیں۔ اس موقع پر ناظم ذیلی تنظیمات ڈاکٹر عبدالغفور راشد بھی موجود تھے۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ پرویز مشرف نے سیکولر نظام تعلیم کو پروان چڑھانے کی کوشش کی، اس کے ملحدانہ افکار نے اسے خالص سیکولر بنیادیں فراہم کیں۔ ضیاء الحق سے سیاسی اختلاف کے باوجود انہیں یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ اس نے نظام تعلیم کو اسلام کے مطابق ڈھالنے میں بنیادی تبدیلی کی۔ اسی طرح موجودہ حکومت نے میٹرک اور انٹر کی سطح پر ناظرہ اور ترجمے کے ساتھ قرآن مجید کو شامل نصاب کر کے عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ استاد قوموں کی تعمیر اور بقاء میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک استاد محض ایک شخص یا ذات کا نام نہیں ہوتا، بلکہ پورا ایک جہان ہوتا ہے، جس سے لاکھوں کروڑوں لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ استاد کی محنت، لگن، شوق، امانت، دیانت، راست بازی، نیک نیتی کا اثر صرف اس کی ذات تک ہی محدود نہیں ہوتا، بلکہ ان صفاتِ حسنہ کا دائرہ کار کروڑوں لوگوں تک وسیع ہوتا ہے۔ دنیا میں آنکھ کھولنے والا ہر انسان استاد کے بغیر کامل انسان بن سکتا ہے، نہ دنیا کی رنگینیوں میں بے مثال اور بہترین زندگی گزار سکتا ہے۔ اگر یوں کہا جائے تو ہرگز ہرگز مبالغہ آرائی نہ ہوگی کہ استاد ہی دنیا میں وہ عظیم ہستی ہے جس کی بقاء تا قیامت رہتی ہے۔ تقریب میں صوبائی، ڈویژنل، ضلعی عہدیداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

احکام و مسائل

جناب مولانا حافظ ابو محمد عبدالستار الحماد حفظہ اللہ
مرکز الدراسات الاسلامیہ
سلطان ہاؤسنگ میاں چنوں، ضلع خانیوال پاکستان
Mob.: 0300-4178626 - 065-2663317
Email: markaz.dirasat@gmail.com

اہل قبلہ کون ہیں؟!

سوال اہل علم عام طور پر اپنی گفتگو اور تحریر میں اہل قبلہ کا لفظ استعمال کرتے ہیں' اس بات کی وضاحت کریں کہ اہل قبلہ سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب عقیدہ طحاویہ میں اہل قبلہ کی اصطلاح کو استعمال کرتے ہوئے لکھا ہے: ''ہم اہل قبلہ کو مسلمان اور مؤمن کہتے ہیں' جب تک وہ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کا اعتراف اور تصدیق کرتے رہیں گے۔''

اس کی شرح میں ہے کہ اہل قبلہ سے مراد ہر وہ شخص ہے جو اسلام کا دعویدار اور نماز کے لیے قبلہ کی طرف منہ کرتا ہے۔ (شرح عقیدہ طحاویہ: ۴۲۷)

اس وضاحت کی بنیاد درج ذیل حدیث ہے جسے سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے: ''جو شخص ہماری طرح نماز پڑھے' ہمارے قبلے کی طرف منہ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے تو وہ ایسا مسلمان ہے جسے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ حاصل ہے۔'' (بخاری' الایمان: ۳۹۱)

اس حدث میں بیان کردہ تین چیزوں کی وجہ سے مسلمانوں کے لیے اہل قبلہ کا لقب اختیار کیا گیا ہے۔ ویسے لغوی طور پر اہل قبلہ کے حسب ذیل دو معنی ہیں:

⊙ کعبہ مشرفہ کو قبلہ سمجھنے والا ⊙ قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والا

اصولیین کے ہاں اس کی اصطلاحی تعریف یہ ہے: ''اہل قبلہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو تمام ضروریات دین کو تسلیم کرنے پر متفق ہوں۔''

ضروریات دین سے مراد وہ احکام و مسائل ہیں جن کا حصہ شریعت ہونا نظر و استدلال کے بغیر ہی تمام خواص و عوام کے ہاں مسلمہ ہو' جیسے نماز پڑھنا' زکوٰۃ دینا' روزے رکھنا اور حج کرنا وغیرہ۔ تمام اہل اسلام کے ہاں ان کی حیثیت و اہمیت مسلمہ ہے' کسی کو بھی ان سے انکار نہیں۔ خواص سے مراد علماء دین اور ان کی صحبت پانے والے عوام کہلاتے ہیں۔ علماء حضرات کی صحبت و رفاقت سے جو دور رہتے ہیں انہیں ضروریات دین معلوم کرنے کے لیے غور و فکر اور نظر و استدلال کی ضرورت رہتی ہے۔ قرآن کریم نے اسی قسم کے عوام کے متعلق فرمایا ہے: ''یہ صحرائی لوگ کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں اور ان کے متعلق یہ احکامات زیادہ ہیں کہ وہ اس دین کی حدود سے ناواقف رہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر نازل کیا ہے۔'' (التوبہ: ۹۷)

درج بالا وضاحت کی روشنی میں ہم کہتے ہیں کہ اگر کوئی کلمہ گو مسلمان اسلامی ماحول سے دور اور اہل علم کی صحبت سے محروم ہونے کی بناء پر کسی دینی ضرورت سے نافہمی' بے خبری اور غفلت سے انکار کر دے تو اسے اہل قبلہ سے خارج نہیں کیا جائے گا بلکہ اس کی جہالت کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

بہر حال ضروریات دین کو ماننے والا اہل قبلہ ہے اور جو شخص ضروریات دین کا انکار کرتا ہے وہ اہل قبلہ نہیں رہتا۔ واللہ اعلم!

نوٹ: ہم نے اہل قبلہ اور ضروریات دین کی تشریح اپنی شرح بخاری حدیث نمبر ۳۹۱ کے تحت کی ہے' مذکورہ فتویٰ اس کا خلاصہ ہے۔

میت کو ایک ملک سے دوسرے ملک لانا

سوال میرے بھائی کی وفات سعودیہ میں ہوئی تھی' ہم نے اسے پاکستان لا کر دفن کر دیا' اب کچھ اہل علم کی طرف سے کہا جا رہا ہے کہ ہم نے یہ ناجائز کیا ہے۔ قرآن و سنت میں اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ آپ شریعت کی رو سے اس مسئلہ کی وضاحت کریں۔

جواب میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر منتقل کرنے کا مسئلہ نیا نہیں بلکہ پہلے وقت میں بھی موجود تھا۔ باوجود اس کے کہ اس وقت وسائل نقل و حرکت اتنے ترقی یافتہ اور تیز رفتار نہ تھے تاہم اس کے متعلق علمائے امت میں اختلاف ہے۔ البتہ درج ذیل دو صورتوں میں میت کو دوسری جگہ منتقل کرنا بالاتفاق جائز نہیں اور ان میں کسی کو اختلاف نہیں۔

⊙ شہداء معرکہ جہاں شہید ہوں انہیں دوسری جگہ منتقل کرنے کی بجائے وہیں دفن کر دیا جائے۔ جیسا کہ شہداء احد کو مدینہ طیبہ لایا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ انہیں میدان احد میں ہی دفن کیا جائے۔ (نسائی' الجنائز: ۲۰۰۵)

اگر اس جگہ دشمن کا قبضہ ہو تو انہیں کسی قریبی جگہ بھی دفن کیا جا سکتا ہے۔ بہر حال انہیں عام آبادی میں لے جانے کی ممانعت ہے ویسے بھی اسلام عمومی طور پر میت کی منتقلی کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔

⊙ میت کو دوسری جگہ منتقل کرنے سے اس کی بے حرمتی ہوتی ہے یا اس کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو بھی انسان جہاں فوت ہوا سے وہیں دفن کر دیا جائے۔

درج ذیل صورت میں اسے دوسری جگہ منتقل کرنا ضروری ہوتا ہے: اگر کسی جگہ دفن کرنے سے میت کی بے حرمتی کا اندیشہ ہو یا خطرہ ہو کہ کفار اس کی لاش کو جلا دیں گے تو ایسے حالات میں اسے دوسری جگہ لے جا کر دفن کرنے میں کسی کو اختلاف نہیں۔

مذکورہ بالا صورتوں کے علاوہ بعض حضرات وصیت کر جاتے ہیں کہ مجھے اپنے ملک میں دفن کیا جائے کیونکہ وہاں اس کے عزیز و اقارب ہیں یا حصول برکت کے لیے مقامات مقدسہ۔ (مدینہ طیبہ' مکہ مکرمہ' یا بیت المقدس) میں دفن ہونے کی وصیت کرتا ہے یا وہ خود کوئی وصیت نہیں کرتا بلکہ اس کے خویش و اقارب چاہتے ہیں کہ اسے ہمارے پاس دفن کیا جائے تو کیا ایسے حالات میں میت کی وصیت یا عزیز و اقارب کی خواہش کو پورا کیا جا سکتا ہے؟ اس کے متعلق اختلاف ہے' کچھ اہل علم جواز کے قائل ہیں جبکہ بعض کے ہاں تفصیل ہے ہمارے رجحان کے مطابق دو صورتوں میں میت کی دوسری جگہ منتقلی جائز ہے:

- جب مسافت کم ہو اور میت کو منتقل کرنا آسان ہو تو جائز ہے۔ جیسا کہ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جب فوت ہوئے تو ان کی میت کو وادی عقیق سے مدینہ طیبہ لایا گیا تھا اور وادی عقیق مدینہ طیبہ سے دس میل کے فاصلے پر تھی۔ (بیہقی: ج ۴' ص ۵۷)

سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی موت کا وقت قریب ہوا تو انہوں نے اللہ سے سوال کیا کہ انہیں ارض مقدس میں پتھر پھینکنے کی مسافت پر قریب کر دیا جائے۔ (بخاری' الجنائز: ۱۳۳۹)

امام بخاریؒ نے اس حدیث پر عنوان قائم کیا ہے: ''جو ارض مقدس میں دفن ہونے کی خواہش کرتا ہے۔''

- اگر کوئی شخص غیر اسلامی ملک میں فوت ہوا ہو اور اس کے خویش و اقارب کی خواہش پر اسے اپنے ملک لا کر دفن کرنے پر چنداں حرج نہیں۔ جیسا کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے پہلو میں دفن ہونے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ (بخاری' الفضائل: ۳۷۰۰)

اس سے بعض اہل علم نے یہ مسئلہ ثابت کیا ہے کہ اگر کوئی اپنے خویش و اقارب میں دفن ہونے کی وصیت کرتا ہے تو ایسا کرنا جائز ہے اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

اس کے علاوہ صورتوں میں میت کو دوسری جگہ منتقل کرنا محل نظر ہے۔ جیسا کہ سیدنا عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما جب مکہ سے دور حبشی مقام پر فوت ہوئے تو انہیں مکہ میں دفن کیا گیا' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ''اگر میں وفات کے وقت وہاں موجود ہوتی تو انہیں وہاں ہی دفن کیا جاتا' انہیں مکہ نہ لایا جاتا۔'' (ترمذی' الجنائز: ۱۰۵۵)

نیز رسول اللہ ﷺ کا یہ طریقہ رہا ہے کہ جہاں کوئی فوت ہوتا اسے وہیں دفن کر دیا جاتا تھا۔ مدینہ طیبہ اور مکہ مکرمہ سے باہر فوت ہونے والوں کو مقدس مقامات (مدینہ اور مکہ) میں دفن کرنا ثابت نہیں' علاوہ ازیں میت کو جلدی دفن کرنے کا حکم ہے' میت کی منتقلی' اس حکم کی تعمیل میں رکاوٹ کا باعث ہے پھر اس پر جو مالی اخراجات آتے ہیں وہ اس پر مستزاد ہے۔ واللہ اعلم!

اماں حلیمہ سعدیہ کا اسلام

سوال رسول اللہ ﷺ کی رضاعی والدہ حلیمہ سعدیہ کے متعلق علماء کا کیا موقف ہے؟ کیا انہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا؟ قرآن و حدیث اور تاریخ سے کیا ثابت ہے؟

جواب اس میں کوئی شک نہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب پیدا ہوئے تو دودھ پلانے کے لیے اماں حلیمہ سعدیہ کا انتخاب کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بہت خیر و برکت سے نوازا' البتہ ان کے مسلمان ہونے کے متعلق اختلاف ہے۔ چنانچہ حافظ ابن قیمؒ لکھتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ کے رضاعی والدین کے اسلام لانے کے متعلق علمائے امت میں اختلاف ہے۔'' (زاد المعاد: ج ۱' ص ۸۳)

امام منذریؒ لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی رضاعی ماں حلیمہ سعدیہ نے اسلام قبول کر لیا تھا' وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ سے احادیث بیان کی ہیں۔ (مختصر ابی داود: ج ۸' ص ۴۰)

حافظ ابن عبدالبرؒ اور امام ابن اثیرؒ نے انہیں صحابیات میں شامل کیا ہے' انہوں نے اپنی تالیفات الاستیعاب اور اسد الغابہ میں اس بات کی صراحت کی ہے' حافظ ابن حجرؒ نے بھی ان کے اسلام لانے کو ترجیح دی ہے۔ (الاصابہ: ج ۷' ص ۸۸)

لیکن احادیث میں اس قسم کی کوئی صراحت نہیں' ابوالطفیل کہتے ہیں: ''میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ جعرانہ میں گوشت تقسیم کر رہے تھے' اس دوران ایک بڑھیا آئی اور رسول اللہ ﷺ کے قریب ہوئی تو آپ نے اس کے لیے چادر بچھا دی' لوگوں نے بتایا کہ یہ بڑھیا آپ کی رضاعی والدہ ہیں۔'' (ابوداود' الادب: ۵۱۴۴)

لیکن یہ روایت قابل حجت نہیں کیونکہ اس میں عمار بن ثوبان اور ان کا پوتا جعفر بن یحییٰ دونوں مجہول ہیں'۔

بہر حال اگرچہ احادیث میں ان کے اسلام کا ذکر نہیں لیکن تاریخ میں ان کے اسلام لانے کی صراحت ہے۔ واللہ اعلم!

سیرتِ نبوی ﷺ اور واضح کامیابی

امام مسجد الحرام
فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس حفظہ اللہ

مترجم: جناب محمد اجمل بھٹی | نظرثانی: جناب عدیل احمد آزاد | تاریخ: 17 ربیع الاول 1438ھ / بمطابق 16 دسمبر 2016ء

حمد وثنا کے بعد:

برادرانِ اسلام! جو شخص حسن فہم کے ساتھ تاریخ کا مطالعہ کرے اور تاریخ کے میدانوں میں جستجو کے گھوڑے دوڑائے تو اسے چمکتے پانی سے بھی زیادہ صاف پانی کا چشمہ نظر آئے گا، خالص ٹپکتے شہد سے بھی صاف چشمہ اسے دکھائی دے گا۔ یہ خوبصورت چشمہ خیر البشر کی معطر اور عالی مرتبت سیرت کے روشن اور منور صفحات ہیں۔ اللہ کی رحمتیں اور سلامتی آپ پر ہو۔ آپ ﷺ ہی پاکیزہ طینت کا مرجع اور چار سو پھیلی نیکی کا سرچشمہ ہیں۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

''اللہ نے انہیں رفعت و بلندی ہی عطا کی اور جسے عرش والا بلند کر دے اسے کوئی گرا نہیں سکتا۔''

برادرانِ اسلام! بعثت نبوی سے پہلے تاریخ ایک اندھیری رات کی طرح تھی۔ حتیٰ کہ روشن اور واضح ہدایت آ گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے واضح آیات، پاکیزہ سنت اور معطر و پاکیزہ سیرت کے ساتھ حق کو ممتاز کیا۔

آپ کی سیرت ہی سب سے شیریں جھرنا ہے، سعادت مندی اور کامیابی، تعمیر و اصلاح کے خواہش مند پیروکاروں اور مقتدیوں کے لیے عظیم ترین چشمہ ہے۔ یہ بات ہر خاص و عام تسلیم کر چکا ہے۔ دلائل و نصوص نے یہ ثابت کیا ہے کہ آپ ﷺ کی سیرت وہ روشن اور جگمگاتا نور ہے، جو ہمارے عقیدے اور عبادات کے مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ سیرت و کردار اور تربیت و اخلاقیات کے لیے عالی منزل چشمہ ہے۔ انسانی اور عالمی تعلقات کے لیے چمکتا سورج ہے کیونکہ اس میں شرعی مقاصد اور ضروری آداب سبھی آ گئے ہیں۔

سیرت کے حالات کو پیش کرنے میں اگرچہ مختلف لوگوں کا طرزِ بیان مختلف ہوتا ہے لیکن یہاں ایک نہایت اہم پہلو کی طرف توجہ مبذول کرانا بھی ضروری ہے اور وہ ہے ''اہداف و مقاصد کا پہلو۔''

برادرانِ اسلام! سیرت نبوی بڑی واضح طور پر مقاصد شریعت سے لبریز ہے۔ بلکہ پاکیزہ اور معطر سیرت سے مزین ہونے کے بعد یہ مقاصد اور بھی روشن ہو گئے ہیں۔ رسالت محمدیہ کا عمومی مقصد انسانیت پر رحمت و شفقت کرنا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝﴾ (الانبیاء)

''ہم نے جو آپ کو بھیجا ہے تو یہ دراصل دنیا والوں کے حق میں ہماری رحمت ہے۔''

یہ مقصد رب العالمین کی توحید کی دعوت اور عمدہ اخلاق کی تکمیل سے حاصل ہوگا۔ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں: ''مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے۔''

سیرت نبوی بڑی واضح طور پر مقاصد شریعت سے لبریز ہے۔ بلکہ پاکیزہ اور معطر سیرت سے مزین ہونے کے بعد یہ مقاصد اور بھی روشن ہو گئے ہیں۔ رسالت محمدیہ کا عمومی مقصد انسانیت پر رحمت و شفقت کرنا ہے۔

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے توحید پر مبنی رحمت و نرمی والا دین دے کر بھیجا گیا ہے۔''

خیر البشر کی سیرت نے جس طرح ہماری دینی ضروریات کی حفاظت کی ہے، ہم اس طرح کی حفاظت بھلا کیسے کر سکتے تھے؟ دین کی حفاظت، عقیدے کے بیان اور معالم دین کی وضاحت کیلئے آپ ﷺ کی ہدایات اور توجیہات سے بڑھ کر خوبصورت ہدایات کوئی نہیں ہو سکتیں۔ پھر آپ ﷺ غیر مسلموں کو بھی دین کی دعوت دیتے۔ آپ کی دعوت میں دین اسلام کی عظمت، جامعیت، کمال اور رحمت کا اعلان ہوتا تھا۔ مختلف بادشاہوں اور امراء کو لکھے گئے خطوط میں خیر خواہی، مکالمہ، اصلاح اور محبت کا پیغام ہوتا تھا۔ آپ ﷺ انہیں محبت و الفت، امداد باہمی، سلامتی، اجتماع اور دین اسلام کو تھامنے کی دعوت دیتے۔ جو مسلمان ہو جاتا وہ سلامتی پا لیتا اور دوسرں کو سلامتی پہنچانے والا بن جاتا۔ اگر جنگ کے حالات پیدا ہوتے تو بھی نرمی، درگزر اور خون نہ بہانے کی جانب غالب ہوتی۔ آپ دو عظیم مقاصد کو اکٹھا کرتے۔ دین کی حفاظت اور انسانی جانوں کا تحفظ۔''

مسند احمد میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: ''آپ نے جب بھی کسی قوم سے جنگ لڑی، پہلے انہیں اسلام کی دعوت دی۔''

صحیحین میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جنگ خیبر کے دن رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا: ''آہستہ آہستہ جاؤ، جب یہودیوں کے میدان میں پہنچ جاؤ تو انہیں اسلام کی دعوت دینا، کیونکہ اللہ کی قسم! اگر اللہ تیرے ذریعے ایک آدمی کو ہدایت بخش دے تو وہ تیرے لیے (غنیمت کے) سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔'' اللہ اکبر۔ شاعر کہتا ہے:

''آپ کے اخلاق پر اخلاق ختم ہو جاتے ہیں، آپ کے اخلاق اخلاقیات کی تکمیل ہیں، آپ ابتدا ہی میں دوسروں کے انتہائی اخلاق پر غالب آ جاتے ہیں، آپ سے پہلے لوگوں نے ایک ہزار عالی اخلاق پیش کیے لیکن آپ ان سب پر غالب آ گئے۔''

امت ایمان! پاکیزہ سیرت نبوی میں جو عالی مقاصد بیان ہوئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ خواتین، بوڑھوں، زخمیوں، بیماروں، معذوروں، راہبوں وغیرہ کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے انسانی جانوں کی حفاظت کے لیے انہیں قتل کرنے سے روک دیا۔ اسی طرح آپ ﷺ نے انسانی نسل کو محفوظ کرنے کیلئے بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کوئی لشکر بھیجتے تو فرماتے: ''اللہ کے نام پر چلو، اللہ کی راہ میں جہاد کرو، بدعہدی مت کرو، خیانت مت کرو، لاشوں کی بے حرمتی نہ کرو، بچوں اور راہبوں کو مت قتل کرو۔''

سیدنا انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی انتہائی بوڑھے کو مت مارو، کسی بچے اور عورت کو مت قتل کرو، اصلاح کرو اور احسان کرو بلاشبہ اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔'' (ابوداود)

الفاظ کے یہ دائمی موتی اور بلند مرتبہ ستارے سیرت محمدیہ کے ہیں جو جامع رحمت اور نرمی کے جذبات سے لبریز ہیں۔ اسلام کے مبادیات اور شریعت کے عظیم مقاصد کے ساتھ چمک رہے ہیں۔

اسی طرح سیرت نبوی انسانی نسل کو قتل و بربادی سے بچانے کے لیے نرمی اور شفقت کے مقاصد کے ساتھ روشن ہے۔ عقل انسانی کی حفاظت بھی سیرت نبوی کے مقاصد میں شامل ہے۔ نبی کریم ﷺ نے نشہ آور اشیاء اور شراب سے منع کیا ہے۔ ہر وہ چیز جو ہوش وحواس ختم کر دے اس سے منع کر دیا۔ امام احمد رحمہ اللہ نے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر نشہ آور حواس باختہ کرنے والی چیز سے منع کیا ہے۔''

عقل حواس کی بنیاد ہے اور فرائض کی سب سے بڑی مخاطب ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''مقصود کے اعتبار سے عقل سب سے اہم چیز ہے، نفع کے لحاظ سے سب سے عظیم حواس ہے۔ اسی کی بنا پر اسلامی احکامات اسی پر لاگو ہوتے ہیں۔ معاملات کے درست ہونے اور عبادات کی ادائیگی کے لیے عقل صحیح ہونے کی شرط ہے۔ امام شاطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''شریعت نے عقل کی حفاظت کا اس کے نقص کو دور کرنے کا حکم دیا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے قران مجید میں فرمایا ہے:

﴿ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴾ (المائدۃ)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہ شراب اور جوا اور یہ آستانے اور پانسے، یہ سب گندے شیطانی کام ہیں، ان سے پرہیز کرو، امید ہے کہ تمہیں فلاح نصیب ہوگی۔''

شاعر کہتا ہے: ''آدمی کے لیے اللہ کی افضل ترین نعمت عقل ہے، اللہ کی نعمتوں میں اس کا مقابل کوئی نہیں۔ جب رحمان کسی شخص کی عقل مکمل کر دیتا ہے تو اس کے اخلاق اور مقاصد مکمل ہو جاتے ہیں۔''

چونکہ عقل کو بڑی اہمیت حاصل ہے اس لیے اللہ کے رسول ﷺ نے اس کی حفاظت کا خوب اہتمام کیا ہے۔ لہٰذا آپ نے نشہ آور اشیاء اور منشیات سے روکنے کے علاوہ مسلمان شخص کو منع کیا کہ وہ دوسروں کی رائے کا مقلد ہو۔ سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دوسرں کی رائے کے مقلد مت بنو، یہ مت کہو کہ اگر لوگ اچھا سلوک کریں گے تو ہم بھی اچھا سلوک کریں گے اور اگر انہوں نے ظلم کیا تو ہم بھی ظلم کرینگے۔ خود کو احسان پر آمادہ کرو، اگر لوگ احسان کریں تو تم بھی احسان کرو۔ اگر وہ برا سلوک کریں تو تم ظلم مت کرو۔''

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے اعتدال اور میانہ روی کا بھی اہتمام کیا ہے۔ غلو اور انتہا پسندی سے بچایا ہے۔ سیدنا سعد بن أبی وقاص کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدنا عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی دنیا سے کنارہ کشی کے لیے شادی نہ کرنے کی خواہش رد کر دی۔''

اسی طرح آپ نے ان تین صحابہ کی خواہشات کو بھی رد کر دیا جو آپ کے گھر آپ کی عبادت کے بارے پوچھنے آئے تھے۔ جب عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں آپ کی عبادت کے بارے بتایا تو انہوں نے اپنی عبادت کو بہت کم محسوس کیا۔ بلکہ آپ نے بڑے واضح اور علانیہ الفاظ میں سیدنا ابوموسیٰ اشعری اور معاذ رضی اللہ عنہما کو فرمایا: ''آسانی پیدا کرو، اور مشکل مت پیدا کرو، خوشخبری دو اور نفرت مت پھیلاؤ، آپس میں متفق رہو اور باہم اختلاف نہ کرو۔'' (بخاری ومسلم)

فضول باتیں کرنے والے، غافل دل والے اس سیرت سے رہنمائی کیوں نہیں لیتے کہ جن کے دلوں پر زنگ چڑھ چکا ہے۔ دنیا کی زندگی میں ان کی کوششیں برباد ہو چکی ہیں اور وہ اپنی گمراہی میں مگن ہیں، اور اندھیروں میں ٹکریں مار رہے ہیں۔ وہ اس چمکتے نور سے دور کیوں ہیں۔ وہ نور جو انہیں معاملات کو سمجھنے، مخلوق کیلئے آسانی پیدا کرنے اور انہیں مشکل سے بچانے کے لیے عقل کے خوبصورت استعمال کی ترغیب دیتا ہے۔ شاعر کہتا ہے:

''یہ وہ حسن ہے جو سارے جہاں کی خوبیاں اپنے دامن میں سمیٹ کر ہر خوبی سے کہیں آگے بڑھ گیا ہے۔''

امت اسلام! پاکیزہ سیرت نبوی سے حکمت اور رہنمائی کا ایک اور موتی نکالا جا سکتا ہے جو ضروریات زندگی میں سے ہے اور وہ ''مال'' کی حفاظت ہے۔ اگرچہ وہ دشمن کا مال ہی کیوں نہ ہو۔ اسلام نے ان کی حفاظت کا حکم دیا ہے حتی کہ جنگ کے دوران بھی درخت اور فصلیں جلانے، جانور ہلاک کرنے اور عمارتوں یا گھروں کو برباد کرنے سے منع کیا گیا ہے تاکہ معاشرہ تباہی و بربادی سے محفوظ رہے۔

اسی طرح معصوموں کو جکڑنے اور ڈاکہ ڈالنے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس سے مقصود زمین میں فساد پھیلانا ہوتا ہے اور اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا۔

پاکیزہ سیرت نبوی میں جو عالی مقاصد بیان ہوئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ خواتین، بوڑھوں، زخمیوں، بیماروں، معذوروں، راہبوں وغیرہ کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے انسانی جانوں کی حفاظت کے لیے انہیں قتل کرنے سے روک دیا۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کوئی اسلامی لشکر روانہ کرتے تو فرماتے:

''اللہ کا نام لے کر روانہ ہو جاؤ، کسی چشمے کو بند نہ کرنا، کوئی درخت نہ کاٹنا، سوائے اس درخت کے جو لڑائی میں رکاوٹ بنے، بد عہدی نہ کرنا اور خیانت نہ کرنا۔'' (بیہقی)

امت اسلام! اس پاکیزہ عمدہ اور بلند مرتبہ سیرت میں دیگر ضروری مقاصد کے ساتھ ساتھ ضروریاتِ زندگی میں آسانی پیدا کرنا بھی ایک اہم مقصد ہے۔ مخلوق کے دینی امور میں وسعت دی گئی ہے اس سے انسانی فائدے میں رکاوٹ بننے والی تنگی، مشقت اور حرج کو دور کیا گیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہ دین آسان ہے، جس شخص نے بھی سختی کرنے کی کوشش کی، دین اس پر غالب آ گیا، لہٰذا درست عمل کرو، قریب قریب رہو اور خوشخبری دو۔'' (بخاری)

رسول اللہ ﷺ نے اپنی سیرت میں آسانی اور محرمات کی تعظیم کو جمع کیا ہے، لہٰذا مقاصد کے حصول میں

اور انجام کے اعتبار سے مثالی نظام قائم کیا ہے۔

6ھ میں آپ ﷺ نے صلح حدیبیہ کی، اس موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس اللہ کی قسم، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! قریش مجھ سے ایسا کوئی بھی مطالبہ کریں جس سے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کی تعظیم ہو تو میں ان کے مطالبے کو ضرور قبول کرلوں گا۔'' (بخاری)

اس روز صحابہ کرام کو بہت زیادہ تکلیف اور تنگی محسوس ہوئی۔ ایسی کہ جس تکلیف کی شدت مضبوط پہاڑ بھی برداشت نہ کر سکتے۔ وہ خیال کر رہے تھے کہ انہوں نے قریش کی شرطیں مان کر دینی کمزوری کا اظہار کیا ہے۔ لیکن درحقیقت وہ فتح مبین تھی۔

سیدنا براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''تم فتح مکہ کو عظیم فتح شمار کرتے ہو حالانکہ ہم صلح حدیبیہ کے دن بیعت رضوان کو فتح مبین سمجھتے ہیں۔'' صلح حدیبیہ سے مسلمانوں کو بڑی عظیم کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ ان میں سے ایک اس بلند ترین اور عظیم اسلامی مقصد کا حصول بھی تھا۔ جسے کہا جاتا ہے: ''عظیم فائدے کی خاطر کم تر فائدے کی قربانی دینا'' اور بلاشبہ دین اسلام محبت والفت، صلح جوئی، سلامتی اور درگزر کا دین ہے۔

اسلام انتہائی ناگزیر حالات میں جنگ کی اجازت دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: ''دشمن سے جنگ کی تمنا مت کرو، اللہ سے سلامتی کی دعا کرو، پھر جب دشمن سے سامنا ہو جائے تو صبر سے کام لو۔'' اسی طرح آپ کے معاہدہ مدینہ میں بھی ایسی کئی مثالیں ہیں۔

نبی کریم ﷺ کا اخلاق اسی طرح تھا، حتی کہ آپ نے زمانہ جاہلیت میں ہونے والے معاہدے حلف الفضول کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا: ''میں نے عبداللہ بن جدعان کے گھر ایک معاہدے میں شرکت کی۔ مجھے اس کے بدلے سرخ اونٹوں کا حصول بھی پسند نہیں۔ آج اگر زمانہ اسلام میں مجھے ایسے ہی معاہدے کی دوبارہ دعوت دی جائے تو میں ضرور قبول کرلوں گا۔'' (بخاری)

ان کا یہ معاہدہ نیکی کا حکم دینے، برائی سے روکنے اور زائد مال تقسیم کرنے کیلئے تھا، اسی طرح لوگوں کے فائدے کی کئی دیگر چیزیں بھی اس میں شامل تھیں۔ جیسے ظلم کا خاتمہ، حقدار کو حق پہچاننا، عدل و انصاف کی فراہمی اور خیر میں تعاون کرنا۔ امن و امان اور سلامتی کو یقینی بنانا۔

اسی طرح سیرت نبوی کے ہر واقعے اور حادثے میں شریعت کے مقاصد واضح ہوتے ہیں۔

سید البشر کے پیروکارو! نبی مختار کی مبارک سیرت نبی کریم ﷺ سے محبت و الفت رکھنے والوں کے دلوں کو سیراب کرتی ہے اور ان کے دلوں کی آواز بن جاتی ہے۔ یہ کیسے نہ ہو، جبکہ آپ اللہ مالک الملک کے رسول ہیں۔ عدل و انصاف اور سلامتی کے علم بردار ہیں۔ آپ انسانیت کو انحطاط، بت پرستی اور گناہوں کے اندھیروں سے نکالنے کے لیے آئے ہیں۔

کیا آپ سے بڑھ کر انسانیت کے عظیم تربیت کرنے والے اور استاد کوئی ہیں؟ اور آپ سے بڑھ کر امت اسلامیہ کے افضل ترین معلم اور تہذیب سکھانے والے ہیں۔ خصوصاً دور حاضر میں جبکہ غلو، دہشت گردی، بم دھماکوں، گروہ بندی بدعات کی کثرت، دینی احکام کے ساتھ کھیلنے اور شریعت کے مسلمات سے چھیڑ چھاڑ کا دور ہے۔

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

﴿لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝﴾ (آل عمران)

''درحقیقت اہل ایمان پر تو اللہ نے یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ اُن کے درمیان خود انہی میں سے ایک ایسا پیغمبر اٹھایا جو اس کی آیات انہیں سناتا ہے، اُن کی زندگیوں کو سنوارتا ہے اور اُن کو کتاب اور دانائی کی تعلیم دیتا ہے، حالانکہ اس سے پہلے یہی لوگ صریح گمراہیوں میں پڑے ہوئے تھے۔''

دوسرا خطبہ

حمد وثناء کے بعد:

اے مسلمانوں کی جماعت! آج، جبکہ دنیا کو جنگوں اور مصیبتوں کا سامنا ہے، امت اسلامیہ کا فرض ہے کہ وہ سیرت نبی ﷺ کی طرف لوٹ آئے اور گہرائی کے ساتھ اس کا مطالعہ کرے، زندگی کے ہر گوشے میں نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے ساتھ جڑ جائے اور ہمیشہ جڑی رہے، اسے اچھی طرح سمجھ لے اور سیرت کے ہر پہلو پر عمل کرے، تاکہ وہ کمزوری اور فتنوں کی زنجیروں سے آزاد ہو جائے جن میں وہ اس مشکل اور پریشان کن زمانے میں گھری ہوئی ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ کچھ لوگوں نے وحی الٰہی اور سنت نبوی کو چھوڑ کر دوسرے راستے اختیار کر لیے ہیں، سیرت کو محض قصہ کہانی کے طور پر لیا ہے اور سیرت نبوی کے مقاصد اور اہداف سے غافل ہو گئے ہیں۔ ایسے لوگوں نے ظاہری ہیئت اور شکل وصورت پر بہت زیادہ توجہ دی ہے جبکہ حقائق، اصلی اوصاف اور عظیم مقاصد سے غافل رہے ہیں۔

آیئے! ہم تباہ کن فکر کا نعرہ لگانے والوں کی زبان کو لگام دیں، بلند اور گونجتی آواز میں نعرہ لگائیں کہ دین کی عزت اور نصرت کا مرکز سیرت محمد ﷺ ہی ہے۔ سیرت کے واقعات کے مطالعہ اور تحقیق کے ذریعے ہی امت کو عزت اور نصرت نصیب ہو سکتی ہے۔ سیرت رسول ﷺ اس دور کی وہ ترقی کی طرف لے جانے والی بولی ہے کہ امت کو قیادت اور حکمرانی پر فائز کر سکتی ہے۔

علمائے امت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ساری دنیا کے سامنے مکمل خود اعتمادی اور پورے فخر کے ساتھ سیرت کے مقاصد بیان کریں۔ سیرت میں عدل، رحمت، سلامتی، بہترین اخلاق، اعلیٰ کردار اور امن وامان کے پہلو بیان کریں۔

امت اسلامیہ کو آج سے بڑھ کر کبھی چراغ نبوت سے روشنائی حاصل کرنے کی اور آپ ﷺ کی معطر سیرت سے ہدایت حاصل کرنے کی اور اس کی روشنی میں چلنے کی اتنی ضرورت نہیں رہی، کیونکہ امت اسلامیہ آج ماتحتی، کمزوری اور کنارہ کشی کے ویرانوں میں بھٹک رہی ہے اور فتنہ فساد کے ساتھ تو گویا کہ بندھ چکی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی ہدایات سے کوسوں دور جا چکی ہے اور اب تو دشمنان اسلام مسلمانوں کے مقامات میں بھی فسادی بن کر منڈلاتے پھرتے ہیں۔

دیکھیے! آج بھی وہ نبی اکرم ﷺ کا مقام معراج اور تیسری مقدس ترین مسجد میں جنگ کے شعلے بھڑکا رہے ہیں اور دہشتگردی پھیلا رہے ہیں۔ اللہ ہماری اس مقدس مسجد کو یہودی غاصبوں سے نجات عطا فرما کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی فرمائے اور قیامت تک اسے باعزت اور باوقار رکھے۔

نوجوانان امت کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنی فکر کی

حفاظت کریں، مشکوک جھنڈوں کو گرا ڈالیں، غیر حقیقی نعروں کو ٹھکرا دیں اور سیرت کی گھنی چھاؤں کے سائے میں آ جائیں کیونکہ یہی ہمارا تاریخی سرمایہ ہے، یہی علمی، عملی، اخلاقی اور سماجی نصاب ہے کہ جس سے نبوی چراغ سے روشنی حاصل کر کے اسے پھیلانے والے اصول لیتے ہیں اور اپنی بقا کا سامان کرتے رہتے ہیں۔

آیئے! رسولوں کے سردار کی سیرت اور ہدایات پر عمل کریں اور سنت نبوی کو پھیلانے کے لیے عصر حاضر کے تمام تر وسائل استعمال کریں تاکہ ساری دنیا کے سامنے دین اسلام کی اچھائیاں واضح ہو جائیں۔

ہمیں سیرت کے مقاصد کو جاننے کے لیے اس کا تفصیلی مطالعہ کرنا چاہیے، تاکہ اس دور میں کہ جس میں فتنوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اپنے عروج پر ہے اور ہمارے بہت سے بھائیوں کو قتل وغارت، جلا وطنی اور جنگوں کا سامنا ہے، تاکہ ہم سیرت کی مدد سے اپنے اعمال کے نتائج دور اندیشی کے ساتھ معلوم کر سکیں۔

حلب اور اہل شام کے حالات تو ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں، اسی طرح عراق، یمن، برما اور اراکان میں بھی ہمارے بھائیوں کا حال ہم سے پوشیدہ نہیں۔

اے حلب کے شامی بھائیو! صبر سے کام لیجیے! صبر سے کام لیجیے! نصرت آ کر ہی رہے گی، اس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ ایمان، صبر، امید، بھلی توقع اور بشارتوں کو اپنی ڈھال بناؤ۔

اے پروردگار عالم! مؤمنوں کے سینوں کو ٹھنڈا فرما! واضح نصرت کے ساتھ، کہ جس میں اسلام اور اہل اسلام کو عزت نصیب ہو، شرک، ظالموں، سرکشوں اور زیادتی کرنے والوں کو ذلت نصیب ہو۔ آمین!

.....

ایمان نہیں تو کچھ بھی نہیں

حقیقی رب پر ایمان نہ لائیں، مگر وہ تو اسی اکیلے رب کو ماننے لگ گئے ہیں۔

بادشاہ شدید غصے میں ہے۔ اچھا میں ان کا علاج کرتا ہوں۔ میں دیکھتا ہوں کہ یہ لوگ کیسے توحید سے دستبردار نہیں ہوتے۔ حکم جاری کیا کہ خندقیں کھودی جائیں۔ ان میں خوب آگ بھڑکائی جائے۔

یہ علاقہ خاصا لمبا چوڑا ہے۔ اندازاً کوئی دس کلومیٹر لمبا اور ایک کلومیٹر چوڑا۔ یہاں پر خندقیں کھودی جا رہی ہیں۔ جو لوگ لڑکے کے رب پر ایمان لائے ہیں' انہیں گرفتار کیا جا رہا ہے۔ ان میں مرد' عورتیں اور بچے بھی ہیں۔ سیکڑوں من لکڑی اکٹھی کر کے اسے لمبی چوڑی خندق میں ڈالا جا رہا ہے' آگ لگائی جا چکی ہے۔ شعلے آسمان کی بلندیوں کو چھو رہے ہیں۔ بڑا ہی مہیب منظر ہے۔ ان موحدین کو پکڑ پکڑ کر خندقوں میں پھینکا جا رہا ہے۔ بادشاہ اور اس کے درباری' اس کے حاشیہ بردار اس منظر کو دیکھنے کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں۔ تاریخ نے ظلم کے بڑے بڑے مناظر محفوظ کیے ہیں' مگر ایسا منظر' ایسا ظلم' اتنی تاریکی' اتنا اندھیرا..... کہ صرف لا إله إلا الله کہنے کے جرم میں' صرف [آمنا برب الغلام] کہنے پر جیتے جاگتے انسانوں کو آگ میں پھینکا جا رہا ہے۔

شہداء کی تعداد ہزاروں میں تھی جو توحید کی پاداش میں امر ہو گئے۔ ہمیشہ کے لیے زندہ و جاوید ہو گئے۔ ان میں کتنے ہی ایسے بھی تھے جنہوں نے دوڑتے ہوئے آتشیں خندقوں میں چھلانگیں لگائیں۔

ماں کو اولاد سے فطری محبت ہوتی ہے' شیر خوار بچہ تو ماں کی جان ہوتا ہے۔ ایک عورت اپنے شیر خوار بچے کو گود میں اٹھائے' اپنے سینے سے چمٹائے ہوئے آتشیں خندق کی طرف بھاگی چلی آ رہی ہے۔ خندق کے قریب پہنچی تو قدم ذرا ڈگمگا گئے۔ آگ میں اپنے بچے کو' اپنے پیارے اور لاڈلے کو جھونک دوں؟ اس نے ایک لمحہ سوچا..... چھلانگ لگانے میں جھجکی تو بچہ بول اٹھا: اماں صبر کرو یقیناً تم حق پر ہو۔

ان شہداء کی تعداد کتنی تھی؟ اس کے بارے میں مفسرین وشارحین میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک ان کی تعداد آٹھ ہزار تھی۔ امام محمد بن اسحاق کے نزدیک شہداء کی تعداد بیس ہزار تھی۔ اللہ رب العزت نے ان موحدین شہداء کو یہ عزت اور شرف عطا فرمایا کہ قرآن کریم کی سورۃ البروج میں ان کا ذکر فرمایا۔ قیامت تک مساجد کے امام نمازوں میں اس کی تلاوت کرتے رہیں گے۔ مسلمان ان آیات کو پڑھتے رہیں گے اور ان شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے رہیں گے۔ اللہ فرماتے ہیں: ﴿قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ﴾ ''جن لوگوں نے خندقیں کھود کر ان میں اللہ کو ماننے والوں کو ہلاک کیا' ان کے لیے ہلاکت اور بربادی ہے۔'' ﴿النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ﴾ ''اس آگ میں جو تھی بہت ایندھن والی۔'' ﴿إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ﴾ ''جبکہ وہ ان خندقوں کے کنارے بیٹھے تھے۔'' ﴿وَهُمْ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ﴾ ''جو کچھ وہ اہل ایمان کے ساتھ کر رہے' وہ اسے دیکھ رہے تھے۔'' ﴿وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ﴾ ''انہوں نے ان مؤمنین سے اس کے سوا کسی چیز کا انتقام نہیں لیا کہ وہ سب پر غالب' تعریفوں والے رب پر ایمان لائے تھے۔''

.....(جاری ہے)

.....

حرمین کا تحفظ دل وجان سے زیادہ عزیز ہے

⊙ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ضلعی امیر شیخ محمد شریف چنگوانی' ضلع ناظم علامہ عنایت اللہ رحمانی نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ ہمیں دل وجان سے زیادہ عزیز ہے۔ مکہ مکرمہ پوری دنیا کے مسلمانوں کے ایمان کا محور ومرکز ہے۔ اسلام دشمن قوتوں کے حمایت یافتہ حوثی باغی درندوں کا مکہ مکرمہ پر حملہ اور مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش سے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا گیا جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ حرمین کے تحفظ اور دفاع کے لیے پاک فوج کا خصوصی دستہ فوری طور پر روانہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بوسن روڈ پر مرکزی جمعیت اہل حدیث اور اہل حدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام منعقدہ احتجاجی مظاہرے کی قیادت کرتے ہوئے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث تحفظ حرمین کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور تحفظ حرمین کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ اس موقع پر مظاہرین نے بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جس پر سعودی عرب کی حمایت میں نعرے درج تھے۔ علامہ عبدالحمید عابد' قاری عطاء اللہ عزیز' حافظ ریاض احمد عاقب' علامہ ہدایت اللہ رحمانی' عبدالحئ اثری' صدیق حامد' رفیق مدنی' ڈاکٹر نصر اللہ' محمد عبداللہ اور دیگر نے بھی مظاہرے میں شرکت کی۔

نامزدگی

⊙ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے ضلع ننکانہ کے لیے عبدالقدیر مغل کو ڈسٹرکٹ ننکانہ میں اہل حدیث یوتھ فورس کا صدر نامزد کیا ہے' تمام جماعتی احباب تنظیمی حوالے سے ان سے رابطہ کریں۔

عبدالقدیر مغل (شاہکوٹ) 0345-7935046

کرسمس کی حقیقت تاریخ کے آئینہ میں

تحریر
جناب عبدالوارث گل (نومسلم)

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دنیا میں انسان کسی بھی مذہب، گروہ، فرقہ، قوم یا ملک سے ہو، اسے خوشی چاہیے۔ وہ خوش ہونا، ہنسنا اور مسکرانا چاہتا ہے۔ وہ تہوار منانا چاہتا ہے۔ مذہب انسان کی اس فطرت سے واقف ہے، لہٰذا وہ اسے تقریبات، عیدوں اور تہواروں کی اجازت دیتا ہے۔

انسانی فطرت میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ جب وہ خوش ہوتا ہے تو اکثر و بیشتر حدود اللہ سے تجاوز کر جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آسمانی مذاہب نے ان تقریبات، عیدوں اور تہواروں کو پاکیزہ رکھنے کی ہمیشہ تاکید کی ہے۔ لیکن حضرت انسان کی خواہش نفس کی تکمیل کے آگے جہاں مقدس الہامی کتب اور صحائف نہ بچ سکے وہاں یہ بے چاری عیدیں اور تہوار کیا چیز ہیں؟

کرسمس (Christmas) دو الفاظ کرائسٹ (Christ) اور ماس (Mass) کا مرکب ہے۔

کرائسٹ (Christ) مسیح (علیہ السلام) کو کہتے ہیں اور ماس (Mass) اجتماع، اکٹھا ہونا ہے یعنی مسیح کے لیے اکٹھا ہونا، مسیحی اجتماع یا یوم میلاد مسیح۔

یہ لفظ تقریباً چوتھی صدی کے قریب قریب پایا گیا۔ اس سے پہلے اس لفظ کا استعمال کہیں نہیں ملتا۔

دنیا کے مختلف خطوں میں کرسمس کو مختلف ناموں سے یاد کیا اور منایا جاتا ہے۔ اسے یول ڈے نیٹوئی (پیدائش کا سال) اور نوائل (پیدائشی یا یوم پیدائش) جیسے ناموں سے بھی پکارا جاتا ہے۔ (نوائے وقت 27 دسمبر 2005ء)

بڑا دن بھی کرسمس کا مروجہ نام ہے۔ یہ یوم ولادت مسیح علیہ السلام کے سلسلے میں منایا جاتا ہے کیونکہ مسیحیوں کے لیے یہ ایک اہم اور مقدس دن ہے، اس لیے اسے بڑا دن کہا جاتا ہے۔

نہ صرف مسیح علیہ السلام کی تاریخ پیدائش بلکہ سن پیدائش کے حوالے سے بھی مسیحی علماء میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ عام خیال ہے کہ سن عیسوی AD جو کہ مخفف ہے Anno domini (یعنی ہمارے خداوند کا سال) مسیح علیہ السلام کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے مگر قاموس الکتاب اور دیگر مسیحی کتب کی ورق گردانی سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ مسیح علیہ السلام کی ولادت باسعادت 4 یا 6 ق م میں ہوئی۔ قاموس الکتاب میں 4 ق م دی گئی ہے جبکہ مائیکل ہارٹ "The Hundred" میں چھ ق م تسلیم کرتا ہے۔ مسیحی کلیساؤں میں مسیح علیہ السلام کی تاریخ پیدائش کے اختلاف کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کلیسا اسے 25 دسمبر کو۔ مشرقی آرتھوڈوکس کلیسا 6 جنوری کو اور ارمنی کلیسا 19 جنوری کو مناتا ہے۔

مسیحی کلیساؤں میں مسیح علیہ السلام کی تاریخ پیدائش کے اختلاف کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کلیسا اسے 25 دسمبر کو۔ مشرقی آرتھوڈوکس کلیسا 6 جنوری کو اور ارمنی کلیسا 19 جنوری کو مناتا ہے۔

کرسمس کے تہوار کا 25 دسمبر ہونے کا ذکر پہلی مرتبہ شاہِ قسطنطین (جو کہ چوتھی صدی عیسوی میں بت پرستی ترک کر کے عیسائیت میں داخل ہو گیا تھا) کے عہد میں 325 عیسوی میں ہوا۔ یہ بات صحیح طور پر معلوم نہیں کہ اولین کلیسا بڑا دن مناتے بھی تھے یا نہیں' یاد رہے کہ مسیح علیہ السلام کی صحیح تاریخ پیدائش کا کسی کو علم نہیں۔ تیسری صدی عیسوی میں اسکندریہ کے کلیمنٹ نے رائے دی تھی کہ اسے 20 مئی کو منایا جائے۔ لیکن 25 دسمبر کو پہلے پہل روم (اٹلی) میں بطور مسیحی مذہبی تہوار مقرر کیا گیا تاکہ اس وقت کے ایک غیر مسیحی تہوار، جشن زحل Saturnalia کو (یہ رومیوں کا ایک بڑا تہوار تھا، اس روز رنگ رلیاں خوب منائی جاتی تھیں) جو سورج کے راس الجدی پر پہنچنے کے موقع پر ہوتا تھا، پس پشت ڈال کر اُس کی جگہ مسیح علیہ السلام کی سالگرہ منائی جائے۔ (قاموس الکتاب ص 147) چونکہ رومی قوم میں مسیحی تعلیمات کو جوں کا توں پہنچانا ایک مشکل بلکہ ناممکن سی بات معلوم ہوتی تھی اسی لئے مسیحی مبلغین نے رومی مذہب وتہذیب کو Chrischanise کرنے کی بجائے Chrischanity کو Romanise کرنے کا فارمولہ اپنایا جو کہ بہر حال کامیاب رہا۔ یہی وجہ ہے کہ مسیحی مذہب میں ایک سے زیادہ عقائد وتہوار ایسے ہیں جن کا تاریخی حوالے سے جائزہ لیا جائے تو بات دو اور دو چار کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

ایک مسیحی محقق شہزادہ تحسین گل کرسمس کے رد میں گفتگو کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ نا صرف 25 دسمبر مسیح علیہ السلام کی پیدائش کا دن نہیں بلکہ اس دن کو سورج و بت پرست اقوام میں ایک خاص اور مقدس دن تصور کیا جاتا تھا' اسی لئے وہ اس دن کو پورے جوش وخروش سے منایا کرتے تھے۔ مزید بائبل کے مندرجہ ذیل چند حوالے جو کہ ایک شاہ کلید Master Key کی حیثیت رکھتے ہیں پیش کئے جا رہے ہیں جس سے مسیح علیہ السلام کی پیدائش کا دن تو پھر بھی نہیں مگر ماہ کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

انجیل لوقا (باب ۱، آیت نمبر 26 تا 31) میں لکھا ہے

"چھٹے مہینے میں جبرائیل فرشتہ خدا کی طرف سے گلیل کے ایک شہر میں جس کا نام ناصرۃ تھا ایک کنواری کے پاس بھیجا گیا ۔۔۔ اور فرشتہ نے اسے کہا کہ اے مریم خوف نہ کر کیوں کہ خداوند کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے اور دیکھ تو حاملہ ہو گی اور تیرے بیٹا ہو گا اس کا نام یسوع رکھنا۔"

ہم جانتے ہیں کہ جب مریم علیہا السلام کو مذکورہ بالا پیغام دیا جا رہا تھا تب Gregorian Calendar کا تو تصور بھی نہیں تھا' 525 عیسوی میں Dionysius Exiquus کے مشورے پر عیسوی کیلنڈر کی بنیاد رکھی گئی چنانچہ (قاموس الکتاب اور دیگر مسیحی کتب کے حوالے سے سن عیسوی کا آغاز مسیح علیہ السلام کی پیدائش کے 525 سال بعد شروع ہوا)

مذکورہ بالا آیت میں چھٹا مہینہ یقیناً یہودی کیلنڈر کا ہی ذکر کیا گیا ہے اور یہودی کیلنڈر کا چھٹا مہینہ الول کا ہوتا ہے جو Gregorian Calendar کے مطابق اگست میں آتا

ہے۔ نیچے دیے گئے کیلنڈر سے بات آسانی سے سمجھ میں آجائے گی

قدیم اسرائیلی کیلنڈر



یعنی اگر مریم علیہا السلام کو یہودی چھٹے مہینے میں الول میں بشارت ملتی ہے تو نو ماہ بعد مسیح علیہ السلام کی پیدائش یہودی مہینہ ایار میں ہونا بنتی ہے یعنی اپریل یا مئی جو کہ عین گرمی کے موسم میں ہوتا ہے جبکہ دسمبر کے مہینے کا مسیح علیہ السلام کی پیدائش سے دور کا بھی تعلق نہ ہے۔ بعض مسیحی محققین کے نزدیک لوقا میں بیان کردہ چھٹا مہینہ دراصل الیشبع کے حمل کا چھٹا مہینہ ہے جو کہ بڑی ہی نا معقول سی بات معلوم ہوتی ہے۔ اگر ان کی یہ بات مان بھی لی جائے تب بھی مسیح علیہ السلام کی پیدائش ماہ دسمبر میں نہیں بنتی کیونکہ بائبل کے مطابق ان کے حمل کی ابتداء ماہ دسمبر میں ہوئی، اس لحاظ سے چھٹا مہینہ مئی ہوا اور اس میں سیدہ مریم علیہا السلام کو حمل ٹھہرا، نو ماہ شمار کئے جائیں تو جنوری کا مہینہ بنتا ہے اور اگر نو ماہ کے بعد ولادت تسلیم کر لیں تو فروری کا مہینہ بنتا ہے۔ اسی ضمن میں لوقا کی انجیل باب 1 میں جہاں مریم علیہا السلام کو یہ بشارت دی گئی کہ:

''اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا اس کا نام یسوع رکھنا۔''

اسی باب کی آیت نمبر 36 میں یوں مرقوم ہے:

''اور دیکھ تیری رشتہ دار الیشبع کے بھی بڑھاپے میں بیٹا ہونے والا ہے اور اب اس کو جو بانجھ کہلاتی تھی چھٹا مہینہ ہے۔''

یعنی مریم علیہا السلام کو جب مسیح علیہ السلام کی بشارت دی گئی تب الیشبع کو چھ ماہ کا حمل تھا، الیشبع کے شوہر زکریا علیہ السلام کو جب یوحنا کی بشارت ملتی ہے تب زکریا علیہ السلام ہیکل میں خداوند کے مقدس میں خوشبو جلانے کی ذمہ داری ادا کر رہے تھے۔

لوقا (باب 1 آیت نمبر 5 تا 13) میں یوں لکھا ہے:

''یہودیہ کے بادشاہ ہیرودیس کے زمانہ میں ابیاہ کے فریق میں سے زکریا نام کا ایک کاہن تھا اور اس کی بیوی ہارون کی اولاد میں سے تھی اور اس کا نام الیشبع تھا اور وہ دونوں خدا کے حضور راستباز اور خداوند کے سب احکام وقوانین پر بے عیب چلنے والے تھے اور انکے اولاد نہ تھی کیونکہ الیشبع بانجھ تھی اور دونوں عمر رسیدہ تھے۔ جب خدا کے حضور اپنے فریق کی باری پر کہانت کا کام انجام دیتا تھا تو ایسا ہوا کہ کہانت کے دستور کے موافق اس کے نام کا قُرعہ نکلا کہ خداوند کے مقدس میں جا کر خوشبو جلائے اور لوگوں کی ساری جماعت خوشبو جلاتے وقت باہر دعا کر رہی تھی کہ خداوند کا فرشتہ خوشبو کے مذبح کی داہنی طرف کھڑا ہوا اسکو دکھائی دیا۔

مسیحی کلیساؤں میں مسیح علیہ السلام کی تاریخ پیدائش کے اختلاف کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کلیسا اسے 25 دسمبر کو۔ مشرقی آرتھوڈوکس کلیسا 6 جنوری کو اور ارمنی کلیسا 19 جنوری کو مناتا ہے۔

زکریا دیکھ کر گھبرایا اور اس پر دہشت چھا گئی مگر فرشتہ نے اس سے کہا اے زکریا! خوف نہ کر کیونکہ تیری دعا سن لی گئی اور تیرے لئے تیری بیوی الیشبع کے بیٹا ہوگا تو اس کا نام یوحنا رکھنا''

